Rampur State Gazette

گزٹ ریاست رامپور

بحکم بندگان اعلیحضرت حضور پر نور دام اقبالہم و ملکہم

جلد ۳۴	مطبوعہ روز دوشنبہ تاریخ ۲۲ شوال سنہ ۱۳۴۰ھ مطابق ۱۹ جون سنہ ۱۹۲۲ء	نمبر ۲۵

فہرست مضامین

نمبر شمار	خلاصہ مضمون	نمبر صفحہ
۱	تبادلہ منشی غلام ناصر خان	۱
۲	موقوفی نیلو سنگھ سب اوورسیر و تقرر مبارک حسین سب اوورسیر	۲
۳	اضافہ منشی سری رام انسپکٹر بلدیہ	”
۴	اضافہ مع عہدہ غلام احمد خان جمعدار	”
۵	رخصت …… لال خزانچی پولیس	”
۶	ہدایت … صاحب ……	”
۷	ہدایت بابت … جو شائع شدہ	”
۸	نقشہ … اجلاس	ضمیمہ

حکم اجلاس ہمایون بندگان حضور پر نور دام اقبالہم و ملکہم واقع ۸ جون سنہ ۱۹۲۲ء

اسـ … منظور ہے۔ احکام ضابطہ جاری ہوں۔

اعلیحضرت بندگان حضور پر نور دام اقبالہم و ملکہم

بعد عرض	جناب عالی	…

منشی … لال کلرک … جو … میں کام کرتا تھا واپس کر دیا گیا اور بجائے نامبردہ منشی غلام ناصر خان کلرک تنخواہ دار مبلغ … روپیہ ماہوار کو جنکا تقرر … جون سنہ ۱۹۲۲ء سے بجائے منشی … لال کلرک … اجلاس

ہمایوں سے منظور فرمایا گیا ہے۔ تعمیرات کی پیشی کا عہدہ ... کیا گیا ہے
کہ منشی غلام ناصر خان کا تبادلہ محکمہ ... سے محکمہ تعمیرات میں منظور فرمایا گیا
دولت جاری ہوا۔

ملخص احکام اجلاس ہمایون بندگان حضور پرنور دام اقبالہم وملکہم

موقوفی و تقرر

۱۱ر جون سنہ ۱۹۲۲ء

بلاحظہ عرضداشت صاحب سکریٹری بہادر محکمہ تعمیرات و صنعت و حرفت۔ نیاز سنگھ سب اوورسیر مشاہرہ دار تیس روپیہ والاونس بیس روپیہ ماہوار کا نام بوجہ غیر حاضری خارج ہوا۔ اور مبارک حسین سب اوورسیر کا تقرر بجائے نامبردہ بمشاہرہ و الاونس مذکورۃ الصدر یکم جون سنہ رواں سے منظور فرمایا گیا۔

اضافہ

۱۱ر جون سنہ ۱۹۲۲ء

حسب معروضہ صاحب سکریٹری بہادر محکمہ تعمیرات و صنعت و حرفت۔ منشی سری رام انسپکٹر انہار مشاہرہ دار پچیس روپیہ ماہوار کی تنخواہ میں دس روپیہ ماہوار اضافہ منظور فرماکر بعہدہ پیشکار اجلاس سکریٹری بہادر فیکٹریز یکم جون سنہ حال سے مقرر کیا گیا۔

ملخص احکام اجلاس صاحب ریونیو سکریٹری بہادر

اضافہ و عہدہ

۸ر جون سنہ ۱۹۲۲ء

حسب سفارش صاحب سپرنٹنڈنٹ بہادر پولیس۔ غلام احمد خان جمعدار تنخواہ دار بیس روپیہ آٹھ آنہ ماہوار و دیگر دو روپیہ الاونس کو بسلسلہ انتظام بجائے سید نعمت اللہ ہیڈ کانسٹبل متوفی ہیڈ کانسٹبل کیا گیا۔ اب سے مذکور بارہ روپیہ تنخواہ و ایک روپیہ الاونس پائیگا۔

رخصت

۱۳ر جون سنہ ۱۹۲۲ء

حسب رائے صاحب سپرنٹنڈنٹ بہادر پولیس رتن لعل خزانچی پولیس کی رخصت پندرہ یوم رعایتی منظور ہوئی۔

روبکار اجلاس صاحب جوڈیشل سکریٹری بہادر

واقع ۱۱ر جون سنہ ۱۹۲۲ء

دو مقدمہ صیغہ دیوانی پیشی منصفی حاکم کے بصیغہ اپیل ہمارے سامنے پیش ہوئے ایک مقدمہ رام کشن مدعی بنام پیارا رام دوسرا مقدمہ پیران مدعی بنام پیارا رام۔ ان دونوں مقدمات میں شہادت پیشکار منصف صاحب کے قلم کی ہے اور نہ تجویز پیشکار منصف صاحب نے اپنے ہاتھ سے لکھی ہے اور نہ کوئی وجہ معذوری کی ظاہر کی یہ کارروائی ضابطہ اور احکام مجریہ کے خلاف ہے بڑے آئندہ پیشکار منصف صاحب کو توجہ دلائی جائے۔ ماسوائے اسکے تکمیل اشتمال مذکورہ بھی خلاف ہدایت دفعہ دستور العمل تھی بنابران۔ حکم ہے کہ نقل ہذا کی ہدایتاً منصفی حاکم کو مرسل ہو۔ اور ایک نقل بنا بر اطلاع و ہدایت جملہ عدالت ہائے کو درج گزٹ ہو۔

دستخط صاحب جوڈیشل سکریٹری بہادر

روبکار اجلاس صاحب سکریٹری بہادر پی ڈبلیو ڈی و صنعت و حرفت

واقع ۲۶ر مئی سنہ ۱۹۲۲ء

محکمجات فیکٹری۔ انہار۔ پی ڈبلیو ڈی سے اکثر چٹھی بصورت بل آتے ہیں مگر ان میں کبھی یہ درج نہیں ہوتا کہ ان مزدوروں نے جو ان چٹھیوں میں لکھے ہوئے ہیں۔ کون کون اور کس کس قدر کام کیے ہیں۔ اس ترکیب سے کوئی موقع ہم کو یہ جانچنے کا نہیں ملتا کہ سرکار دولتمدار کا روپیہ جا صرف ہوا ہے یا بے جا۔ نظر بران حکم ہوا کہ روبکار ہذا بہ ہدایت افسر صاحبان محکمجات متعلقہ بھیجکر درخواست کی جائے کہ آئندہ حتی الوسع چٹھہ بغیر کام کی پیمائش کے نہ بھیجیں ہاں البتہ خاص کاموں میں جنکی پیمائش ممکن نہیں ہے وہ اپنی مجبوری کو صاف اور مفصل طور پر ظاہر کر سکتے ہیں۔ روبکار درج گزٹ ہو اور اسکی نقل محکمہ فائنینس میں بھیجدیجائے۔ صدر سے احکام جاری ہوں

تصحیح

۱۳ر جون سنہ ۱۹۲۲ء

گزٹ نمبر ۲۳ر جلد ۳۴۔ مطبوعہ ۵ر جون سنہ ۱۹۲۲ء کے کالم ۲ سطر ۱۲ میں (بوضع تنخواہ) غلط ہے (بوضع نصف تنخواہ) صحیح ہے۔